سہ ماہی ''الصدیق'' صوابی

جلد نمبر: 1۔ شمارہ نمبر: 1۔ محرم الحرام تاربیع الاول۔ صفحات: 120۔ طباعت: عمدہ۔ قیمت 80 روپے۔ ملنے کا پتا۔
معہد الصدیق للدراسات الاسلامیہ بابرخیل، صوابی خیبر پختونخواہ۔ فون 0313-9803280

سہ ماہی ''الصدیق'' کا پہلا شمارہ نظر نواز ہے۔ اس کے اداریے میں مذکور ہے کہ: ''اس میں کوئی شک نہیں کہ دینی اداروں سے اردو زبان میں بہت سے رسائل و جرائد چھپتے رہیں۔ اس کی لمبی چوڑی فہرست میں دو چار ہی رسائل ایسے ہیں جو اعلیٰ معیار کے حامل اور ہر پڑھے لکھے طبقے میں اچھی نظر سے دیکھے جاسکتے ہیں۔ ایک ایسے رسالے کی شدید ضرورت محسوس ہوتی ہے جس کا واحد مقصد یہ ہو کہ اسلام کو دور جدید کے علمی معیار کے مطابق بغیر کسی معذرت خواہانہ رویے کے پیش کیا جائے۔ ہماری پوری کوشش ہوگی کہ ''الصدیق'' کو اسی معیار کا مجلّہ بنایا جائے کہ اس کے مقالات اور مضامین کا معیار علمی اور تحقیقی ہو، سطحی چیزیں اس میں شامل نہ کی جائیں۔ سہ ماہی ''الصدیق'' کے مشمولات سے پرچے کی اٹھان رجحان اور معیار کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً: انبیاء کا مقصد بعثت، شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کا نظریۂ انقلاب، سرمایہ دارانہ تہذیب کا محاکم، ہمعصر الحاد پر ایک نظر، اقدار کی تشکیل اور دینی مدارس، مشکوٰۃ و اصول حدیث کیسے پڑھائیں؟ مال حرام کے برے اثرات، تھامس کارلائل: تعارفی جائزہ، مقدار صاع اور مُد، مغربی فکر و فلسفہ اور تہذیب کا مطالعہ، عروج اور سائنسی ترقی، خرید و فروخت اور اسلام کا منصفانہ نظام وغیرہ۔ عنوانات سے اندازہ ہوتا ہے کہ ترتیب مضامین کو مزید بہتر کرنے کی کافی گنجائش ہے، کا، کے، کی غلطیاں بھی توجہ طلب ہیں۔ مجموعی طور پر پرچہ قابل مطالعہ ہے۔ معیار اور اشاعت کے تسلسل کو برقرار رکھا گیا تو ''پڑھے لکھے'' پرچوں میں اپنا مقام بنا سکتا ہے۔

''آپ کی مرادیں کیسے پوری ہوں؟''

تالیف: مولانا محمد حنیف بن عبدالمجید۔ صفحات: 154۔ طباعت عمدہ۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبہ بیت العلم فدا منزل، نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی۔ فون 021-32726509

''آپ کی مرادیں کیسے پوری ہوں؟'' دراصل مسنون اعمال اور مسنون دعاؤں کا مجموعہ ہے۔ آج کی مصروف زندگی میں ہر شخص پریشان رہتا ہے۔ پریشانیاں بھی متنوع قسم کی ہیں۔ انسان چاہتا ہے کہ اس کی پریشانیاں ختم ہوں مگر وہ نہیں جانتا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے کونسے اعمال اور دعائیں ارشاد فرمائی ہیں جنہیں اپنے عمل میں لاکر پر سکون اور اطمینان والی زندگی حاصل کی جاسکتی ہے۔ زیر نظر کتاب میں ایسے اعمال اور مسنون دعاؤں کو جمع کیا گیا